# ایڈوائزری

## Health Canada کینیڈا کے باشندوں کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ کھٹملوں پر قابو پانے والی غیر رجسٹرڈ مصنوعات کا استعمال نہ کریں

**27 فروری 2015**
فوری ریلیز کے لیے

### مسئلہ:

23 فروری کو، Health Canada کو بظاہر ایک phosphine pesticide (کیڑے مار دوا) کی زد میں آنے سے ایک شیر خوار بچے کی موت اور خاندان کے دیگر افراد کو سنگین مضرت لاحق ہونے کے بارے میں واقف کرایا گیا۔ اس سانحہ کے نتیجے میں تب سے دوسرے بچہ کی موت واقع ہو ئی تھی۔ یہ کیڑے مار دوا، جو انسانوں اور جانوروں کے لیے انتہائی زہریلی ہے، بیرون ملک سے ذاتی استعمال کے لیے درآمد کی گئی تھی اور اس کا استعمال رہائش گاہ میں کھٹملوں پر قابو پانے کے لیے کیا جارہا تھا۔ کینیڈا میں، phosphine pesticides صرف انہی افراد کو فروخت کی جاسکتی ہیں جن کے پاس مناسب پیسٹی سائیڈ اپلیکیٹر سرٹیفکیٹ (pesticide applicator certificate) یا لائسنس ہو اور یہ کھٹملوں پر استعمال کے لیے منظور شدہ نہیں ہیں۔
phosphine کے زد میں آنے سے صحت پر پڑنے والے اثرات میں سنگین مضرت یا موت شامل ہو سکتی ہیں۔

Health Canada کو کھٹملوں پر قابو پانے کے لیے اوزون جنریٹرز (وہ مشین جو اوزون گیس پیدا کرتی ہے) کے استعمال پر مشتمل دیگر وقوعات کا بھی علم ہے۔ اوزون پیدا کرنے والے آلات استعمال کے لیے محفوظ نہیں ہیں اور تنفس کے مسائل پیدا کرسکتے ہیں، بشمول کھانسی، سینے میں درد، سانس پھولنا، اور آنکھوں، ناک اور گلے کی جلن۔

Health Canada کینیڈا کے باشندوں کو کیڑوں پر قابو پانے والی غیر رجسٹرڈ مصنوعات، بشمول دوسرے ممالک سے درآمد کردہ یا بیرون ملک سفر کے دوران حاصل شدہ کیڑے مار دواؤں کے استعمال کے سنگین خطرے سے متنبہ کرتا ہے۔ یہ محکمہ کینیڈا کے باشندوں کو اس امر کی یاد دہانی بھی کراتا ہے کہ کیڑے مار دواؤں کا استعمال صرف مصنوع کے لیبل پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہی کیا جانا چاہیئے۔

### کون متاثر ہوتا ہے:

کینیڈا کے ایسے شہری جن کی رہائش گاہ میں کھٹمل کا مسئلہ ہو۔

### صارفین کو کیا کرنا چاہیئے*

کھٹملوں سے نجات پانا سخت مشکل ہے۔ Health Canada کھٹملوں کی ابتلاء سے نمٹنے کے لیے کسی لائسنس یافتہ پیشہ ور پیسٹ
کنٹرول آپریٹر (pest control operator)کی خدمات حاصل کرنے کی تاکیدی سفارش کرتا ہے۔ ایکسٹرمینیٹرز (exterminators) یا پیسٹ کنٹرول آپریٹر کے رابطہ معلومات Canadian Pest Management Association سے رابطہ کر کے یا یلو پیجز میں یا Canada411.ca پر مقامی ایکسٹرمینیٹرز تلاش کرکے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

جن عمارتوں میں کھٹمل ہوگئے ہوں ان کے کرایہ داروں کو چاہیئے کہ وہ مالک مکان کو فوراً مطلع کریں اور اس ابتلاء سے نمٹنے کے بارے میں صحت عامہ کے کسی آفیسر سے گفتگو کریں۔

ایک لائسنس یافتہ پیسٹ کنٹرول آپریٹر کی خدمات حاصل کرنے کے علاوہ، Health Canada کھٹملوں کے مسئلے سے نمٹنے والے ہر کسی کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ جسمانی کنٹرول اور تدارکی اقدامات اختیار کرے جیسے کہ گھریلو اشیاء کو بھاپ سے پاک کرنا، دھونا اور باہر پھینک دینا۔

عمومی طور پر کیڑے مار دواؤں کے استعمال کا انتخاب کرنے والے افراد کو حسب ذیل حفاظتی احتیاطیں برتنی چاہیئے:

- صرف وہی کیڑے مار دوائیں جو Health Canada کے ذریعہ رجسٹرڈ ہوں اور صرف لیبل پر درج ہدایات کے مطابق استعمال کریں۔
- کیڑے مار دوا کو خریدنے یا استعمال کرنے سے قبل لیبل کو بغور پڑھیں، تاکہ آپ کی صورت حال کے لیے بہترین مصنوعات کا اور مصنوع کا استعمال محفوظ طریقہ سے کرنے کا پتہ چل جائے۔
- کسی بھی دوا کا استعمال لوگوں، پالتو جانوروں یا بستر پر نہ کریں تاوقتیکہ کیڑے مار دوا کے لیبل پر خاص طور پر ایسا کرنے کے لیے نہ لکھا ہو۔ مثال کے طور پر، بستروں کے فریمز پر استعمال کے لیے رجسٹرڈ کیڑے مار دوائیں گدوں یا باکس اسپرنگز پر استعمال کے لیے نہیں ہوتی ہیں۔
- جو کیڑے مار دوائیں گھر سے باہر استعمال کے لیے ہیں انہیں گھر کے اندر ہرگز استعمال نہ کریں۔
- کیڑے مار دواؤں کا استعمال بچوں کے بستروں، پلے پینز (بچوں کے کھیلنے کا احاطہ)، یا کھلونوں پر نہ کریں۔
- گھر میں تیار کردہ کیڑے مار دوائیں استعمال نہ کریں۔ گھر میں تیار کی جانے والی کیڑا مار دوائیں اگرچہ سادہ اور بے ضرر معلوم ہوسکتی ہیں، تاہم گھر پر تیار کی جانے والی بہت ساری کیڑے مار دواؤں کے نسخے بنانے میں بھی اور استعمال میں بھی خطرناک ہوسکتے ہیں۔ یہ آپ اور آپ کے اہل خانہ کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔
- کیڑے مار دوائیں اور دیگر کیمیکلز بیرون ملک خریدنے اور انہیں کینیڈا میں درآمد کرنے سے وابستہ صحت کے شدید جوکھموں کا خیال رکھیں۔ یہ غیر قانونی ہوسکتا ہے اور اس کے نتیجہ میں نفاذ قانون کی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

## Health Canada کیا کر رہا ہے:

Health Canada کی پیسٹ مینیجمینٹ ریگولیٹری ایجنسی کھٹملوں پر قابو پانے سے متعلق حفاظتی واقعات کی پوری احتیاط سے نگرانی کرتی ہے اور جہاں ضروری ہو وہاں تعمیل اور نفاذ قانون کی کارروائی کرے گی۔ یہ محکمہ کینیڈا کے باشندوں کو کیڑے مار دواؤں کے محفوظ استعمال اور گھروں میں کیڑوں پر مناسب ڈھنگ سے قابو پانے کے طریقے کی بابت مشورے فراہم کرتا رہتا ہے۔

کسی بھی کیڑے مار مصنوع کو رجسٹر کرنے سے پہلے، Health Canada سائنس پر مبنی ایک تشخیص کا انعقاد اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کرتا ہے کہ وہ مصنوع صحت اور ماحولیات کے سخت معیارات پر پورا اترتا ہے اور یہ کہ اس کی قدر ہے۔ اگر کسی مصنوع کے استعمال میں انسانی صحت یا ماحول کے لیے کوئی ناقابل قبول جوکھم ہو، تو اسے کینیڈا میں اس استعمال کے لیے رجسٹر نہیں کیا جاتا۔

کیڑے مار مصنوع کو رجسٹر کرتے وقت، Health Canada زد پذیر گروپس جیسے شیرخوار اور بچے، حاملہ اور بچوں کو دودھ پلانے والی مائیں، اور بزرگ افراد پر خصوصی توجہ دیتا ہے۔ جوکھم والے افراد کے تحفظ کے لیے صحت اور حفاظت کے سخت معیارات ہیں۔

## مزید معلومات کے لیے:

کیڑے مار دواؤں کے استعمال اور ضابطہ پر مزید معلومات کے لیے، Pest Management Information Service سے 1-800-267-6315 پر رابطہ کریں۔

## متعلقہ Health Canada ویب مشمولات:

کھٹمل – یہ کیا ہیں؟

کھٹمل – میں کسی ابتلاء کو کس طرح روکوں؟

کھٹمل – میں ان سے کس طرح نجات حاصل کروں؟

کھٹمل – میں اس ان کے لوٹ کر نہ آنے کو کیسے یقینی بناؤں؟

کھٹمل – سفر کرتے وقت میں ان سے کیسے بچوں؟

کھٹمل – میں مزید معلومات کے لیے کہاں جاؤں؟

کیڑے مار دوا سے متعلق وقوعہ کی رپورٹ کریں



**ذرائع ابلاغ کی پوچھ تاچھ:**
Health Canada
(613) 957-2983

**عوامی پوچھ تاچھ:**
(613) 957-2991
1-866 225-0709

*Également disponible en français*